# خیبر پختونخوا اعلیٰ تعلیمی قابلیت کی اہلیت پر ملنے والی پیشگی اضافے / اضافہ / پیشگی انکریمنٹ کے بقایاجات کے بند کرنے / خاتمے کا قانون،2012ء

خیبر پختونخوا کا قانون نمبر 9 سال 2012ء

عنوان

تمہید۔

دفعات

1۔ مختصر عنوان۔ اور ابتدائی۔

2۔ اعلیٰ تعلیم پر بقایاجات کی بندش۔

3۔ مشکلات کو دور کرنا۔

4۔ منسوخی۔

# [1][خیبر پختونخوا] اعلیٰ تعلیمی قابلیت کی اہلیت پر ملنے والی پیشگی اضافے / اضافہ / پیشگی انکریمنٹ کے بقایاجات کے بند کرنے / خاتمے کا قانون، 2012ء

[2][خیبر پختونخوا] کا قانون نمبر IX سال 2012ء

[ مورخہ 15 مارچ 2012 کو گورنر خیبر [3][خیبر پختونخوا] کے منظوری کے بعد [4][خیبر پختونخوا] کے غیر معمولی گزٹ میں نشر ہوا ]

## یہ قانون

اعلیٰ تعلیمی قابلیت کی اہلیت پر ملنے والی پیشگی اضافے / اضافہ / پیشگی انکریمنٹ کے بقایاجات کو ختم کریگا۔

جبکہ صوبائی حکومت نے بروئے نوٹس نمبری( PRC)1-1/2001 مورخہ 27.10.2001 کو پہلے سے اس سکیم کو ختم کیا ہے۔

جبکہ مالی مشکلات کی وجہ سے صوبائی حکومت کیلئے ان بقایاجات کو ادا کرنا ممکن نہ ہے۔

اس قانون کو یوں بیان کیا جاتا ہے.

**1۔ عنوان، دائرہ کار اور ابتدائی۔** (1) اس قانون [5][خیبر پختونخوا] اعلیٰ تعلیمی قابلیت کی اہلیت پر ملنے والی پیشگی اضافے / اضافہ / پیشگی انکریمنٹ کے بقایاجات کے بند کرنے / خاتمے کا قانون، 2012ء کہلائے گا۔

(2) قانون ان تمام ملازمین پر لاگو ہو گا جو اعلیٰ تعلیم پر بقایاجات وصول کر رہے تھے۔

(3) فی الفور نافذ العمل ہو گا۔ اور مورخہ 1 دسمبر 2001 سے موئثر ہو گا۔

**2۔ اعلیٰ تعلیم پر بقایاجات کی بندش۔** 1۔ اعلیٰ تعلیم پر بقایاجات کی ادائیگی جو کہ کسی حکم، لیٹر، چھٹی، نوٹس، ہدایات اور دوسرے دستاویزات کے ذریعہ مورخہ 01.12.2001 سے پہلے منظور شدہ ہو تو وہ سارے احکامات، چھٹیاں، لیٹرز، نوٹسیز، ہدایات اور دوسرے دستاویزات کو عدم وجود تصور کیا جائے گا۔ بلالحاظ کسی ٹریبیونل کے حکم یا عدالت، بشمول عدالت عالیہ یا عدالت عظمیٰ آف پاکستان کے فیصلہ کا۔ اور ان چھٹیوں وغیرہ کی بنیاد پر مزید کاروائی نہیں کی جائیگی اور ہیچوں قسم دعاوی جو کہ کسی عدالت یا ٹریبیونل بشمول ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ آف پاکستان میں زیر سماعت ہے وہ سارے دعاوی ساقط ہو جائینگے۔

---

[1] تبدیلی بذریعہ خیبر پختونخوا ایکٹ IV سال ۲۰۱۱ء
[2] تبدیلی بذریعہ خیبر پختونخوا ایکٹ IV سال ۲۰۱۱ء
[3] تبدیلی بذریعہ خیبر پختونخوا ایکٹ IV سال ۲۰۱۱ء
[4] تبدیلی بذریعہ خیبر پختونخوا ایکٹ IV سال ۲۰۱۱ء
[5] تبدیلی بذریعہ خیبر پختونخوا ایکٹ IV سال ۲۰۱۱ء

2۔ کوئی بھی حکم، ہدایات، فیصلہ یا کسی عدالت یا ٹریبونل بشمول ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کا حکم جو کہ اسی قانون کے نفاذ سے پہلے صادر ہوا ہو، تو وہ سارے بمطابق قانون تصور ہونگے اور اس کے وصول کنندہ سے واپس نہیں کئے جائینگے۔

3۔ **مشکلات دور کرنا۔** اگر کوئی مشکل پیش ائے تو صوبائی حکومت بذریعہ احکامات اس کو دور کریگا جس طرح وہ درست سمجھے۔

4۔ **منسوخی۔** خیبر پختونخواہ اعلیٰ تعلیم پر بقایاجات کی ادائیگی کا ارڈیننس 2012 نمبری 1 اس کے ذریعہ منسوخ ہوا ہے۔